طارق کارپوریشن لمیٹڈ (سابقہ حسین شوگر ملز لمیٹڈ)

TARIQ CORPORATION

غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے کمپنی کا غیر معمولی اجلاس عام 31 مارچ 2023ء کو بوقت دن 12.30 بجے اس کے رجسٹرڈ آفس، C-28، بلاک E-1، گلبرگ III-لاہور میں منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ 28 جنوری 2023ء کو منعقدہ 56 رویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ یکم اپریل 2023ء سے آغاز کرتے ہوئے تین (03) سال کی مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)159 کے مندرجات سے مطابقت میں کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹرز، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ ہے کا انتخاب کرنا سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام ذیل میں درج ہیں۔

-1	جناب احمد علی طارق	-2	محترمہ مریم حبیب صاحبہ
-3	جناب محمد عمران خان	-4	جناب مصطفیٰ علی طارق
-5	محترمہ سعدیہ علی طارق	-6	جناب سیف حسن
-7	جناب وسیم احمد غفور		

خصوصی امور

3۔ ضروری کارپوریٹ، ریگولیٹری اور قانونی ضابطوں کی تکمیل سے مشروط کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مندرجات سے مطابقت میں فری ہولڈ اراضی، اس پر تعمیر شدہ عمارات، پلانٹ اور مشینری، فرنیچر، فکسچرز، ایکوپمنٹس اور دیگر منسلکہ اثاثہ جات (مجموعاً اثاثہ جات) پر مشتمل کمپنی کے اثاثہ جات واقع بمقام لاہور روڈ، تحصیل جڑانوالہ، ضلع فیصل آباد، پنجاب کے ڈسپوزل اور فروخت کے لئے اراکین سے اجازت حاصل کرنا۔ متذکرہ بالا اجازت کے لازمی جز کے طور پر کمپنی کے اثاثہ جات کی فروخت اور دلچسپی کے حامل خریداروں سے گفت وشنید اور معاملے میں شامل ہونے کیلئے اقدامات کی انجام دہی کیلئے کمپنی کے بورڈ کو مجاز بنانا۔

دیگر امور

4۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس کے روبرو رکھے گئے دیگر امور کی انجام دہی۔

5۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)134 اور (3)166 کے تحت اہم امور واقع کا گوشوارہ کمپنی کے اراکین کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ منسلک کر دیا ہے اور ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

حسب الحکم بورڈ

خالد محمود

کمپنی سیکریٹری

لاہور

مورخہ 10 مارچ 2023

نوٹس

(i) کمپنی کے اراکین کا رجسٹر 25 مارچ 2023 تا 31/ مارچ 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی جانب سے 24 مارچ 2023 کو کاروبار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک باضابطہ موصولہ ٹرانسفرز، EOGM میں شرکت اور ووٹ کیلئے منتقل الیہ کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت سمجھے جائیں گے۔ (ii) ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی رکن آیا وہ (مرد/ خاتون) سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا بصورت دیگر اس کو متذکرہ بالا اجلاس کی تاریخ سے چودہ (14) دنوں کے اندر اس کے رجسٹرڈ آفس میں مندرجہ ذیل دستاویزات اور معلومات کمپنی کے پاس داخل کرنی ہوں گی۔

(a) کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ (3)159 کے مندرجات کی شرائط میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کی خواہش کی اطلاع مع بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی اس کی رضامندی۔

(b) کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھنے کیلئے ڈاک کے پتہ کے ساتھ مفصل پروفائل۔ (c) ایک امیدوار، ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنی خواہش کا نوٹس داخل کرنے کے وقت لازماً کمپنی کا ممبر ہو ماسوائے ایک ممبر کی نمائندگی کرنے والا شخص جو حقیقی شخص نہیں ہے۔ (d) قابل میعاد CNIC / پاسپورٹ اور NTN کی تصدیق شدہ نقل۔ (e) اس (مرد/ خاتون) کا فولیو نمبر CDC اکاؤنٹ نمبر/ CDC سب اکاؤنٹ نمبر (f) انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کی شرائط کے مطابق ہوگا۔ کوئی ممبر جو انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کا خواہشمند ہے اسے ایک اقرار نامہ جمع کرانا ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ ریگولیشنز کے تحت اہلیت کا معیار اور انڈیپنڈنٹ نوٹیفائیڈ کی شرائط پر پورا اترتے ہیں۔ (g) ایک ڈیکلریشن جس سے توثیق ہو کہ:

(i) وہ (مرد/ خاتون) متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔ (ii) وہ (مرد/ خاتون) ایکٹ کی کسی شق، کوئی دیگر قابل اطلاق قانون رولز اور ریگولیشنز کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر ہونے کیلئے نااہل نہیں ہے۔ (iii) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار ایک ممبر اس کی جگہ پر شرکت اور ووٹ کیلئے ایک پراکسی کے طور پر کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کا تقرر کرسکتا ہے۔ باقاعدہ مکمل شدہ پراکسی فارم، اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرادیا جائے۔ (iv) اجلاس ہٰذا میں شرکت اور ووٹ کا حقدار CDC کا انفرادی بینفشل اونر اپنی شناخت کے ثبوت کیلئے اپنا CNIC یا پاسپورٹ لازماً لائے اور پراکسی کی صورت میں اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل لازماً منسلک کرے۔ کارپوریٹ ادارے کا نمائندہ، مقصد کیلئے درکار بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونے کے دستخط ساتھ لائے۔ (v) ایکٹ کی دفعہ 134 کے مندرجات کی تعمیل میں اگر کمپنی کو جغرافیائی لوکیشن میں رہائش پذیر مجموعی طور پر 10% یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبرز سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس دن قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے رضامندی موصول ہوتی ہے تو کمپنی اس شہر میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط اس شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔ (vi) کمپنی (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی تعمیل میں جہاں انتخاب میں حصہ لینے والوں کی تعداد منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد ہو تو ممبرز کو پوسٹل بیلٹ یعنی متذکرہ بالا ریگولیشنز میں شامل شرائط اور طریقہ سے مطابقت میں ڈاک یا بذریعہ الیکٹرونک موڈ ووٹنگ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی بروئے کار لانے کی اجازت ہوگی۔ (vii) ممبرز سے اپنے پتوں میں کسی تبدیلی سے فوراً مطلع کرنے کی درخواست ہے۔ (viii) غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی پوسٹ کر دیا گیا ہے۔